© rasailojaraid.com

تہذیب کی عظمتوں کے احساس کے ساتھ اس میں اپنے لیے ایک طرح کی تسکی محسوس کرتے ہیں۔ (م)

ظہور المخزون از منشی محمد عاقل صاحب مدرس فارسی دار العلوم دیوبند تقطیع ۲۲×۱۸/۸ ضخامت ۵۶ صفحات کتابت طباعت متوسط قیمت ۵ ملنے کا پتہ:۔ کتب خانہ عثمانیہ دیوبند ضلع سہارنپور۔

حجۃ الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ الدہلوی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ میں ایک مختصر رسالہ "سرور المخزون" کے نام سے فارسی زبان میں لکھا تھا۔ منشی محمد عاقل صاحب نے اسی رسالہ کا سلیس اردو ترجمہ "ظہور المخزون" کے نام سے کیا ہے۔ عورتوں اور بچوں اور کم استعداد مردوں کے لیے اس کا مطالعہ مفید ہوگا

نئی ادبی کتابیں

تاریخ ادب اُردو۔ ادارہ ادبیات اُردو نے طالب علموں اور عوام کے لیے اُردو ادب کی یہ تاریخ مرتب کی ہے۔ اگرچہ اس موضوع پر اس کتاب سے پہلے دو چار کتابیں چھپی ہیں لیکن زبان اور ادبیات اُردو کی تاریخ جیسی کہ چاہیے اب تک نہیں لکھی گئی تھی۔ ادارہ نے اس تاریخ کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلا حصہ (۱) زبان اُردو کی تاریخ (۲) اردو کا ابتدائی ادب۔ دوسرا حصہ (۱) دہلی میں اُردو ادب کے سو سال (۲) دکن میں اُردو ادب کا احیا (۳) اُردو ادب کا دبستان لکھنو (۴) دبستان دہلی۔ تیسرا حصہ (۱) جدید دور، انفرادی کوششیں (۲) ادارے (۳) صحافت۔ ان تینوں حصوں میں انفرادی اور اجتماعی کوششیں اردو ادب کے رجحانات اور ہر عہد کی خصوصیات وضاحت سے بیان کی گئی ہیں۔ اس میں تقریباً آٹھ سو شاعروں، ادیبوں اور کتب و رسائل کا ضروری تذکرہ درج ہے یہ کتاب طالبعلموں اور اردو سے دلچسپی رکھنے والے جملہ اصحاب کے لیے تاریخی معلومات کا بہترین ذریعہ ثابت ہوگی۔ ۶۰۷ صفحات۔ قیمت ۲/۸

محمد حسین آزاد۔ از جہاں بانو بیگم صاحبہ ایم اے قیمت ۶/ **سرگزشت غالب**۔ از ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور۔ ۸/

ملنے کا پتہ:۔ **سب رس کتاب گھر خیریت آباد (حیدر آباد دکن)**

© rasailojaraid.com